## سوال

(3) پانی کی نجاست کے متعلق امام مالک کے مسلک کو ترجیح ہوگی یا امام شافعی کے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پانی کی نجاست کے بارے میں ترجیح امام مالک کے مذہب کو ہے یا امام شافعی کے مذہب قُلَّتَین کو؟

---

### الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسئلہ ہذا میں اہل علم کا سخت اختلاف ہے۔ پہلے گروہ کا استدلال احادیث کے عمومات سے ہے جب کہ دوسری حدیث میں قلتین (پانچ مشکیزوں) کی قید موجود ہے۔ مطلق کو مقید پر محمول کرنا اصول کا معروف قاعدہ ہے۔ لہٰذا ترجیح دوسرے مسلک کو ہے۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو! ''تحفۃ الاحوذی'' اور نیل الأوطار وغیرہ۔

ہمارے شیخ محدث روپڑی رحمہ اللہ نے بھی اسی مسلک کو راجح قرار دیا۔ ملاحظہ ہو فتاویٰ اہلِ حدیث : ۱/۲۳۴

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## کتاب الطہارۃ : صفحہ:86

## محدث فتویٰ